# سوال

میں ابھی تک کنوارا ہوں اور بیوی کی تلاش میں ہوں ، لیکن مجھے ایک مشکل ہے کہ مجھے تھوڑی بہت جنسی کمزوری لاحق ہے جو غیر یقینی اور غیر منتظم قسم کی ہے ،مجھے ہر وقت یہ سوچ گھیرے رکھتی ہے کہ میں نے اگر شادی کرلی تو بیوی میری حالت قبول نہیں کرے گی اور معاملہ طلاق پر جاپہنچے گا ، تو میرے لیے کیا کرنا بہتر ہے آیا میں شادی کروں یا نہ کروں ؟

# جواب

الحمد للہ

جنس بشر میں شہوت کے معاملہ میں بہت ہی فرق پایا جاتا ہے کسی میں تو بہت زیادہ ہوتی ہے اور کچھ ایسے ہوتے ہیں جن میں اس سے بہت ہی کم ہوتی اور کچھ میں میانہ روی ہوتی ہے ، اور کچھ ایسے مرد بھی ہوتے ہیں جن میں بالکل ہی شہوت نہیں ہوتی ، اگر تو آپ کی نکاح میں شہوت ہے چاہے وہ کم ہی ہو تو پھر آپ شادی کرسکتے ہیں ، اس میں اتنا ہی کافی ہے کہ آپ بیوی سے ہم بستری کرنے کی طاقت رکھتے ہوں چاہے مہینہ میں ایک بار ہی سہی یا پھر دوماہ میں ایک بار ۔ شیخ ابن جبرین کا فتوی

دیکھیں : کتاب : فتاوی اسلامیۃ (161/3) ۔

لیکن اگر بالکل ہی ہم بستری کی طاقت نہیں تو پھر لڑکی کے ولی کو نکاح سے قبل بتانا ضروری ہے ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

**10620**